# بجلی کے نئے کنکشن کے حصول، تبدیلی نام، لوڈ میں اضافہ یا کمی کا طریقہ کار

MEPCO ONLINE BILL EXPERT
www.OnlineBillExpert.com

1۔ درخواست فارم (اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں) متعلقہ ڈسٹری بیوشن کمپنی کی ویب سائٹ یا متعلقہ دفتر سے مفت حاصل کریں۔
(درخواست فارم کے ساتھ درج ذیل کاغذات لف کریں اور متعلقہ دفتر میں جمع کروادیں)

(a) درخواست فارم کی تین عدد کاپیاں۔

(b) صارف اور گواہان کی دستخط شدہ متعلقہ ٹیرف کی کاپی (گھریلو اور کمرشل سنگل فیز کنکشن کی صورت میں گواہان کے دستخط کی ضرورت نہیں)۔

(c) ملکیت کا ثبوت (رجسٹری، اصل فرد، بیع نامہ، الاٹمنٹ لیٹر (ہاوسنگ کالونی کی صورت میں) تمام صفحات اوتھ کمشنر یا نوٹری پبلک یا گریڈ ون گزٹیڈ آفیسر سے تصدیق شدہ۔

(d) درخواست دہندہ کا بیان حلفی (Undertaking) کہ کنکشن کی مطلوبہ جگہ پر پہلے سے کوئی کنکشن موجود نہیں اور کسی قسم کے بقایاجات واجب الادا نہیں، اگر بعد میں بقایاجات کا معلوم ہوا تو انہیں جمع کروانے کا پابند ہوں گا (دفتر میں موجود نمونہ کے مطابق اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ اشٹام پیپر)۔

(e) جائیداد کے ایک سے زائد مالکان کی صورت میں باقی مالکان کی طرف سے درخواست دہندہ کے لئے اجازت نامہ (دفتر میں موجود نمونہ کے مطابق اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ اشٹام پیپر)۔

(f) درخواست دہندہ کے کرایہ دار ہونے کی صورت میں مالک مکان کی جانب سے اجازت نامہ (دفتر میں موجود نمونہ کے مطابق اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ اشٹام پیپر)۔

(g) درخواست دہندہ کے قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی۔

(h) دو عدد گواہان کے قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں (سنگل فیز میٹر کے درخواست دہندہ کے لئے ضروری نہیں)۔

## (صرف صنعتی درخواست دہندگان کے لئے اضافی کاغذات)

(i) کمپنی کے نام کنکشن اور ایک سے زیادہ مالکان کی صورت میں پاور آف اٹارنی (باقی مالکان کی طرف سے درخواست دہندہ کے حق میں) کہ وہ کمپنی کی درخواست کی پیروی اور اس ضمن میں ڈسٹری بیوشن کمپنی کے ساتھ معاہدہ بھی کر سکتا ہے۔

(j) درخواست دہندہ کی کنکشن کی جائے درخواست کا نقشہ۔

(k) >لمیٹڈ یا پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کی صورت میں میمورنڈم آف آرٹیکل (ایسوسی ایشن) (Incorporation Certificate)۔
>بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تمام ممبران کے مکمل ایڈریس اور قومی شناختی کارڈز کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں۔
>فارم 29 کے مطابق تمام ڈائریکٹرز کی طرف سے کمپنی لیٹر پیڈ پر دستخط شدہ اجازت نامہ (NOC)۔
>سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی طرف سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ (Charge Creation Certificate) جس کی مالیت سیکورٹی کی رقم کے برابر ہو۔

## (صرف تبدیلی نام اور لوڈ میں اضافہ یا کمی کی صورت میں اضافی کاغذات)

(l) متعلقہ ریونیو آفیسر کا جاری کردہ کلیرنس سرٹیفکیٹ (Clearance Certificate) جس میں درج ہو کہ متعلقہ صارف کے ذمہ کوئی رقم واجب الادا نہیں۔

(m) متعلقہ الیکٹرک انسپکٹر کی جاری کردہ وائرنگ ٹیسٹ رپورٹ (صرف لوڈ میں اضافہ یا کمی کی صورت میں)۔

MEPCO ONLINE BILL EXPERT

# کیٹیگری – ون (15 کلوواٹ تک)

www.OnlineBillExpert.com

## کنکشن کی منظوری متعلقہ ایس ڈی او / اسسٹنٹ منیجر آپریشن دے گا

| | | مطلوبہ دنوں کی تعد |
|---|---|---|
| 2۔ | متعلقہ دفتر درخواست دہندہ کو مکمل درخواست فارم اور متعلقہ کاغذات کی وصولی کی رسید اور سنیارٹی نمبر جاری کرے گا۔ اس مقصد کے لئے متعلقہ دفتر درخواست دہندگان کی تاریخ وصولی کے مطابق سنیارٹی رجسٹر بنائے گا جس تک درخواست دہندگان کو رسائی فراہم کی جائے گی۔ | 01-دن |
| 3۔ | متعلقہ دفتر درخواست دہندہ کی جگہ جہاں کنکشن بجلی درکار ہے کا معائنہ کرے گا اور اس بات کا جائزہ لے گا کہ متعلقہ جگہ پر کنکشن کی فراہمی ممکن ہے یا نہیں۔ اگر کنکشن کی فراہمی ممکن نہ ہوئی تو درخواست دہندہ کو اس کی وجوہات کے ساتھ مطلع کرے گا۔ | 03-دن |
| 4۔ | اگر مطلوبہ جگہ پر کنکشن کی فراہمی ممکن ہو گی تو اخراجات کا تخمینہ لگایا جائے گا۔ | 02-دن |
| 5۔ | کنکشن کی تنصیب کے اخراجات کے تخمینہ (ڈیمانڈ نوٹس برائے تخمینہ کنکشن اور سیکورٹی) کی منظوری کے بعد اسے درخواست دہندہ کو دستی وصول یا بذریعہ ڈاک بھجوایا جائے گا۔ | 02-دن |
| 6۔ | درخواست دہندہ تخمینہ اخراجات متعلقہ بینک میں جمع کروا کر وصولی کی رسید متعلقہ دفتر میں جمع کروائے گا۔ | 02-دن |
| 7۔ | درخواست دہندہ وائرنگ ٹیسٹ رپورٹ فراہم کرے گا جس کی تصدیق متعلقہ دفتر کرے گا۔ | 03-دن |
| 8۔ | متعلقہ دفتر واجبات وصولی کی تاریخ کے مطابق درخواست دہندگان کی ترجیحی لسٹ تیار کرے گا۔ | 01-دن |
| 9۔ | متعلقہ دفتر سروس کنکشن آرڈرز جاری کرے گا۔ | 03-دن |
| 10۔ | متعلقہ دفتر کنکشن کی تنصیب کے لئے درکار سامان کی فراہمی کے لئے سٹور سے رابطہ کرے گا۔ | 03-دن |
| 11۔ | متعلقہ سٹور کنکشن لگانے کے لئے درکار سامان جاری کرے گا۔ | 05-دن |
| 12۔ | سامان کی دستیابی کے بعد متعلقہ ایس ڈی او / اسسٹنٹ منیجر آپریشن کا دفتر کنکشن کی تنصیب کرے گا۔ | 05-دن |

**کل مطلوبہ دنوں کی تعداد** — **30-دن**

# کیٹیگری-تھری (71سے500کلوواٹ/400وولٹ)

| نمبر | درخواست کی منظوری متعلقہ ایس ای/منیجر آپریشن دے گا | مطلوبہ دنوں کی تعداد |
|---|---|---|
| 2۔ | متعلقہ دفتر درخواست دہندہ کو مکمل درخواست فارم اور متعلقہ کاغذات کی وصولی کی رسید جاری کرے گا۔ | 01۔دن |
| 3۔ | متعلقہ دفتر درخواست دہندہ کی سائٹ کا معائنہ کرے گا اور اس بات کا جائزہ لے گا کہ متعلقہ جگہ پر کنکشن کی فراہمی ممکن ہے یا نہیں۔ | 04۔دن |
| 4۔ | اگر مطلوبہ جگہ پر کنکشن کی فراہمی ممکن ہو گی تو اخراجات کا تخمینہ لگایا جائے گا۔ | 02۔دن |
| 5۔ | متعلقہ دفتر کنکشن کی تنصیب کی منظوری دے گا۔ | 04۔دن |
| 6۔ | کنکشن کی تنصیب کے اخراجات کے تخمینہ (ڈیمانڈ نوٹس برائے تخمینہ کنکشن اور سیکورٹی) کی منظوری کے بعد اسے درخواست دہندہ کو دستی وصول یا بذریعہ ڈاک بھجوایا جائے گا۔ درخواست دہندہ تخمینہ اخراجات متعلقہ بینک میں جمع کروا کر وصولی کی رسید متعلقہ دفتر میں جمع کروائے گا۔ | 04۔دن |
| 7۔ | درخواست دہندہ وائرنگ ٹیسٹ رپورٹ فراہم کرے گا جس کی تصدیق متعلقہ ایکسین کرے گا۔ | 04۔دن |
| 8۔ | متعلقہ دفتر سروس کنکشن آرڈرز جاری کرے گا۔ | 02۔دن |
| 9۔ | متعلقہ دفتر کنکشن کی تنصیب کے لئے درکار سامان کی فراہمی کے لئے سٹور سے رابطہ کرے گا جس پر متعلقہ سٹور سامان جاری کرے گا۔ | 15۔دن |
| 10۔ | سامان کی دستیابی کے بعد متعلقہ کمیٹی کنکشن کی تنصیب کرے گی۔ (کمیٹی ممبران: ڈپٹی منیجر آپریشن، اسسٹنٹ منیجرز آپریشن اور ایم اینڈ ٹی) | 37۔دن |

**کل مطلوبہ دنوں کی تعداد — 73۔دن**

MEPCO ONLINE BILL EXPERT
www.OnlineBillExpert.com

# کیٹیگری-ٹو (16سے70کلوواٹ / 400وولٹ)

| نمبر | درخواست کی منظوری متعلقہ ایکسین/ڈپٹی منیجر آپریشن دے گا | مطلوبہ دنوں کی تعداد |
|---|---|---|
| 2۔ | متعلقہ دفتر درخواست دہندہ کو مکمل درخواست فارم اور متعلقہ کاغذات کی وصولی کی رسید اور سنیارٹی نمبر جاری کرے گا۔ اس مقصد کے لئے متعلقہ دفتر درخواست دہندگان کی تاریخ وصولی کے مطابق سنیارٹی رجسٹر بنائے گا جس تک درخواست دہندگان کو رسائی فراہم کی جائے گی۔ | 01 ۔دن |
| 3۔ | متعلقہ دفتر درخواست دہندہ کی جگہ جہاں کنکشن بجلی درکار ہے کا معائنہ کرے گا اور اس بات کا جائزہ لے گا کہ متعلقہ جگہ پر کنکشن کی فراہمی ممکن ہے یا نہیں۔ اگر کنکشن کی فراہمی ممکن نہ ہوئی تو درخواست دہندہ کو اس کی وجوہات کے ساتھ مطلع کرے گا۔ | 04 ۔دن |
| 4۔ | اگر مطلوبہ جگہ پر کنکشن کی فراہمی ممکن ہو گی تو اخراجات کا تخمینہ لگایا جائے گا۔ | 02 ۔دن |
| 5۔ | متعلقہ دفتر کنکشن کی تنصیب کی منظوری دے گا۔ | 04 ۔دن |
| 6۔ | کنکشن کی تنصیب کے اخراجات کے تخمینہ (ڈیمانڈ نوٹس برائے تخمینہ کنکشن اور سیکورٹی) کی منظوری کے بعد اسے درخواست دہندہ کو دستی وصول یا بذریعہ ڈاک بھجوایا جائے گا۔ درخواست دہندہ تخمینہ اخراجات متعلقہ بینک میں جمع کروا کر وصولی کی رسید متعلقہ دفتر میں جمع کروائے گا۔ | 04 ۔دن |
| 7۔ | درخواست دہندہ وائرنگ ٹیسٹ رپورٹ فراہم کرے گا جس کی تصدیق متعلقہ ایس ڈی او کرے گا۔ | 04 ۔دن |
| 8۔ | متعلقہ دفتر سروس کنکشن آرڈرز جاری کرے گا۔ | 03 ۔دن |
| 9۔ | متعلقہ دفتر کنکشن کی تنصیب کے لئے درکار سامان کی فراہمی کے لئے سٹور سے رابطہ کرے گا جس پر متعلقہ سٹور سامان جاری کرے گا۔ | 07 ۔دن |
| 10۔ | سامان کی دستیابی کے بعد متعلقہ کمیٹی کنکشن کی تنصیب کرے گی۔ (کمیٹی ممبران: ڈپٹی منیجر آپریشن، اسسٹنٹ منیجرز آپریشن اور ایم اینڈ ٹی) | 15 ۔دن |

**کل مطلوبہ دنوں کی تعداد — 44۔دن**

MEPCO ONLINE BILL EXPERT
www.OnlineBillExpert.com